© rasailojaraid.com



پابندی سے اور آخرت میں حق تعالی کے محاسبہ سے مستثنیٰ کرنے والی ہو۔ اصل میں اللہ کے ہاں جس کرامت کا اعتبار ہے وہ پیدائشی او رنسبی کرامت نہیں بلکہ اختیاری اور کسبی کرامت ہے جو شخص اپنے اختیار اور کسب سے فضائل حاصل کرے گا وہی اللہ کے ہاں مقبول ہوگا۔ فاضل مؤلف نے اس مضمون کو ایسی حجتوں کے ساتھ بیان کیا ہے جو ناقابل انکار ہیں۔ انہوں نے نہایت محکم استدلال اور غایت درجہ دلپذیر اسلوب بیان اختیار کیا ہے، اور یہ بات ثابت کردی ہے کہ انساب کا فرق مراتب بجائے خود ایک حقیقت ہے اگر نہ تو اس سے اسلامی مساوات میں کوئی رخنہ پڑتا ہے اور نہ وہ تفاخر بالانساب کے لیے سرمایہ بن سکتا ہے۔

**مسلمان بیبیاں** | از جناب مولوی اعجاز الحق صاحب قدوسی ضخامت ۸۰ صفحات قیمت ۲ ملنے کا پتہ مکتبۂ جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ دہلی۔

لائق مولف نے یہ رسالہ خاص طور پر مسلمان عورتوں اور لڑکیوں کی اخلاقی و دینی تعلیم کے لیے لکھا ہے۔ اس میں ازواج مطہرات اور صحابیات رضی اللہ عنہن کی سیرت کے بہترین نمونے جمع کیے گئے ہیں جو خدا اور رسول کی محبت، عبادت گذاری، حیا، صبر، خداترسی، ایثار و قربانی، حسن معاشرت، شوہر کی محبت و خدمت، اولاد کی تربیت، حق داروں کے حقوق کی رعایت، اور ایسے ہی بہت سے اخلاقی فضائل کا سبق دینے والے ہیں، زبان نہایت سلیس اور انداز بیان دلنشین ہے مسلمان بچیوں کو ایسی کتابیں ضرور پڑھائی جانی چاہئیں۔

---

**منظر الکرام**

حیدرآباد دکن کے زندہ اکابر و مشاہیر کا تذکرہ جدید حیدرآباد کی اعلیٰ شخصیتوں کے متعلق اس سے بہتر ذخیرہ معلومات اب تک مرتب نہیں ہوا۔ سرکار عالی کے سررشتہ تعلیم نے اس کو حوالہ کی عمدہ کتاب قرار دیکر دفاتر مدارس تحت کو اس کے خریدنے کی ہدایت کی ہے قیمت چھ روپیے۔

**مولف سے نظام والیشرز کلب خیریت آباد دکے پتہ پر طلب کیجیے**

© rasailojaraid.com